سوال

(51) جنس میں کتنی مقدار پر عشر ہے الخ۔

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک شخص عشر ادا کرتا ہے، یہ تو معلوم ہے کہ بارانی زمین سے دسواں حصہ اور چاہی زمین سے ۲۰واں ادا کرتا ہے، مگر سوال یہ ہے کہ جس فصل میں عشر ادا کرنا ہے کیا اس کا کوئی نصاب بھی ہے یا جتنی جنس ہوا تنی میں سے ہی ادا کرے، اور کیا سبزی چارہ وغیرہ بھی اس میں شامل ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عشر کی ادائیگی کے لیے حدیث شریف میں پانچ وسق تک نصاب مقرر ہے، اس سے کم غلہ ہو تو عشر نہیں۔ ترمذی شریف میں ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں: ((لیس فیما دون خمسة اوسق)) ''اور ایک وسق ساٹھ صاع کا ہوتا ہے۔ پانچ وسق کے تین سو صاع ہوتے ہیں۔'' فتاویٰ ثنائیہ میں اکیس من ساڑھے سینتیس سیر (۲۱ من ۲۷۰ سیر ۸ چھ) نصاب کا وزن لکھا ہے۔ واللہ اعلم۔ سبزیوں اور چارہ جات میں کوئی عشر نہیں۔ (الاعتصام جلد ۱۹ شمارہ ۲۸)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاوی علمائے حدیث

جلد 7 ص 136

محدث فتویٰ